PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

نجم سیٹھی: ایشیا کپ کی پاکستان میں واپسی

لاہور، 15 جون 2023

پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے سربراہ نجم سیٹھی نے ہائبرڈ ماڈل منظور کرنے پر ایشین کرکٹ کونسل کا شکریہ ادا کیا ہے۔

ایشیا کپ 31 اگست سے 17 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔

یہ 2008 کے بعد پہلا موقع ہے کہ پاکستان ایشیا کپ کی میزبانی کرے گا۔ پندرہ سال پہلے پاکستان نے پچاس اوورز فارمیٹ پر مشتمل ایشیا کپ کا کامیابی سے انعقاد کیا تھا۔

نجم سیٹھی کا کہنا ہے کہ انہیں خوشی ہے کہ ایشیا کپ 2023 کے لیے ہمارا پیش کردہ ہائبرڈ ماڈل منظور کر لیا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ ایشیا کپ کا میزبان رہے گا اور وہ پاکستان میں میچز منعقد کرے گا جس کے بعد سری لنکا اس ایونٹ کا نیوٹرل وینیو ہوگا۔ اس کی وجہ انڈین کرکٹ ٹیم کا پاکستان نہ آنا ہے۔

نجم سیٹھی کا کہنا ہے کہ ہمارے پُرجوش شائقین بھارتی کرکٹ ٹیم کو پندرہ سال بعد پہلی مرتبہ پاکستان میں کھیلتا دیکھ کر خوش ہوتے لیکن ہمیں بی سی سی آئی کی پوزیشن کا اندازہ ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی طرح بی سی سی آئی کو بھی سرحد پار کرنے کے لیے اپنی حکومت کی اجازت اور کلیئرنس درکار ہوتی ہے۔ اس پس منظر میں ہائبرڈ ماڈل بہترین حل تھا یہی وجہ ہے کہ وہ اس کی بھرپور وکالت کر رہے تھے۔

نجم سیٹھی کا کہنا ہے کہ ہائبرڈ ماڈل کی منظوری کا مطلب یہ ہے کہ ایشیا کپ اپنے طے شدہ پروگرام کے تحت کھیلا جائے گا اور ایشین کرکٹ کونسل کرکٹ کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی اور آگے بڑھتی رہے گی کیونکہ آنے والے بیس ماہ برصغیر میں کرکٹ کے شائقین کی دلچسپی اور جوش و خروش کے سلسلے میں بہت اہم ہیں۔

نجم سیٹھی کا کہنا ہے کہ پچھلے پندرہ ماہ کے دوران پاکستان کرکٹ بورڈ نے غیر معمولی اہمیت کی حامل دوطرفہ سیریز اور دو ایچ بی ایل پی ایس ایل کا کامیابی سے انعقاد کیا ہے۔ ان ایونٹس میں دنیا کے صف اول کے کرکٹرز نے حصہ لیا اور پاکستان میں شاندار انتظامات اور میزبانی سے لطف اندوز ہوئے ہیں۔

نجم سیٹھی نے یقین ظاہر کیا کہ ایشیا کپ اور پھر فروری مارچ 2025 میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی میں شریک ٹیموں کو بھی ہماری بہترین میزبانی اور انتظامات دیکھنے کو ملیں گے۔

نجم سیٹھی نے کہا کہ وہ ایشین کرکٹ کونسل اور سری لنکا کرکٹ سے بات چیت کرکے لاجسٹک اور آپریشنل معاملات کو طے کریں گے تاکہ ایونٹ کی تیاریوں اور پلاننگ کو باقاعدہ شروع کیا جاسکے۔
انہوں نے ایشین کرکٹ کونسل۔ شریک ٹیموں کمرشل پارٹنرز اور پاکستان میں شائقین کو یقین دلایا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ ایشیا کپ کی میزبانی کے سلسلے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گا تاکہ اس ایونٹ کو کامیابی سے ہمکنار کیا جاسکے جو ان ٹیموں کے لیے بہت اہم ہے جو اکتوبر نومبر 2023 میں بھارت میں منعقدہ ورلڈ کپ میں حصہ لینے والی ہیں۔

نجم سیٹھی نے ایشین کرکٹ کونسل کے صدر جے شاہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کوششوں سے ایشین کرکٹ کونسل مضبوط ہوکر کام کرے گی تاکہ اجتماعی طور پر ایک دوسرے کے مفاد کا تحفظ کیا جاسکے اور ساتھ ہی ایمرجنگ ایشیائی ممالک کو مواقع بھی فراہم کیے جاسکیں۔

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial